سوال

(506) مسجد کے کسی دوسرے خیمہ میں اعتکاف کر سکتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اعتکاف کے لیے آدمی ایک خیمہ لگاتا ہے اور اس میں ایک یا دو دن اعتکاف کرتا ہے، اس کے بعد کیا وہ اس جگہ سے خیمہ تبدیل کر کے مسجد کے کسی دوسرے خیمہ میں اعتکاف کر سکتا ہے؟ (قاری عبدالصمد بلوچ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ کے فرمان : { وَأَنتُم عاكِفونَ فِى المَسـٰجِدِ } [البقرة : ۱۸۳] [''اور تم اعتکاف کرنے والے ہو مساجد میں۔''] سے پتہ چلتا ہے کہ مسجد کے کسی دوسرے خیمہ میں اعتکاف کر سکتا ہے۔

۲ ۲ ۱۴۲۴ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد 02 ص 442

محدث فتویٰ